نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

جنگلات کے عالمی دن کے موقع پر تحصیل شرقپورہ (ڈہانہ) ضلع شیخوپورہ میں تقریب کا انعقاد۔

تقریب میں وزیر زراعت ولائیو اسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی اور وزیر قانون و مواصلات پنجاب ملک صہیب احمد بھرتھ کی شرکت

وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف نے ماحولیاتی آلودگی پر قابو پانے کے لیے پہلی سموگ پالیسی بنائی۔ وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

لاہور: 21 مارچ 2025: وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف نے ماحولیاتی آلودگی پر قابو پانے کے لیے پہلی سموگ پالیسی بنائی۔ وزیر اعلی پنجاب نے سموگ کو کنٹرول کے لیے تمام محکموں کو ایک پلیٹ پر اکٹھا کیا تاکہ ماحولیاتی آلودگی کو کم کیا جاسکے۔ وزیر اعلی پنجاب کے ویژن اور سنئیر صوبائی وزیر کی ہدایات کے مطابق تمام محکموں نے اس پالیسی میں اپنا موثر کردار ادا کیا۔ ان خیالات کا اظہار وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے جنگلات کے عالمی دن کے موقع پر فاریسٹ ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے زیرِ اہتمام تحصیل شرقپور (ڈہانہ) ضلع شیخوپورہ میں منعقدہ تقریب سے خطاب کے دوران کیا۔ وزیر زراعت ولائیو اسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی اور وزیر قانون و مواصلات پنجاب ملک صہیب احمد بھرتھ نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں اراکین صوبائی اسمبلی رانا طاہر، پیر اشرف رسول اور عطیہ افتخار کے علاوہ سپیشل سیکرٹری جنگلات طاہر ظفر عباس، ڈپٹی کمشنر شخوپورہ شاہد عمران مارتھ، ڈی پی او بلال شیخ اور اے سی شرقپورہ انعم نے شرکت کی۔

اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت نے کہا کہ درخت لگانا نیکی کا کام ہے۔ ہر شخص کی یہ ذاتی ذمہ داری ہے کہ وہ ایک پودا لگائے۔ حکومت پنجاب کا مقصد خوشگوار ماحول برقرار رکھ کر نوجوان نسل کے مستقبل کو محفوظ بنانا ہے۔ پچھلی حکومتوں نے پنجاب میں سموگ پر قابو پانے کے لیے کوئی عملی کام نہ کیا۔ پچھلی حکومتوں کی جانب سے ماحولیاتی آلودگی پر قابو نہ پانے کے باعث آدھا پنجاب سموگ کی زد میں رہا۔ پی ٹی آئی کی حکومت کے دور میں ملین ٹری سونامی منصوبہ ناکام رہا۔ محکمہ زراعت پنجاب نے سموگ کنٹرول کرنے میں بھرپور کردار ادا کیا ہے۔ سموگ کنٹرول کرنے کے لیے 5 ارب روپے کی لاگت سے کاشتکاروں کو 5 ہزار سپر سیڈرز سبسڈی پر فراہم کیے جارہے ہیں۔ سپر سیڈرز کے استعمال سے فصلوں کی باقیات کو جلانے کی ضرورت پیش نہیں آئی ہے۔

اس موقع پر وزیر قانون و مواصلات پنجاب ملک صہیب احمد بھرتھ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس تقریب میں پرائیویٹ اور پبلک سکول کے بچوں کو ایک مقصد کے لیے اکٹھا دیکھ کر خوش محسوس ہوئی۔ ہر بچہ ایک پودا اپنے گھر، سکول اور یونیورسٹی میں لگانے کے بعد اس کا خیال رکھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں سموگ کنٹرول پروگرام کے تحت نوجوان نسل کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لیے کوشاں ہیں۔ کمیونیکیشن اینڈ ورکس ڈیپارٹمنٹ نے اپنے بجٹ کا ایک فیصد حصہ شجرکاری کے لیے مختص کیا ہے جو نہایت خوش آئند اقدام ہے۔ دوسرے محکموں کو بھی اس کی تقلید کرنی چاہیے۔ قبل ازیں سپیشل سیکرٹری جنگلات کیپٹن طاہر ظفر عباس نے کہا کہ حکومت کی جانب سے راوی کنارے 1973 ایکڑ محیط یہ زمین کسانوں کو دو سال کے لیے دی جائے گی اور سبزیاں کاشت کرنے کے لیے بیج بھی فراہم کیا جائے گا۔ حکومت کی جانب سے اس علاقہ میں 34 ٹیوب ویلز بھی لگائے گئے ہیں لہذا پانی وافر مقدار میں موجود ہے۔ انھوں نے کہا کہ تحصیل شرقپورہ سے متصل علاقہ ڈہانہ میں 2 ماہ کے اندر اب تک 5 لاکھ پودے لگائے جا چکے ہیں جبکہ 18 ہزار پودے آج کے دن میں لگائے جائیں گے۔

☆☆☆☆